عوام وکارکنان علی حسین کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔5جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب ڈسٹرکٹ لودھراں کے انچارج اسلم بخاری کے صاحبزادے علی حسین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ علی حسین کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ واضح رہے کہ علی حسین گزشتہ دنوں سر میں چوٹ لگنے کے سبب اسپتال میں زیرِ علاج ہیں جہاں ان کے دماغ کا آپریشن ہوا ہے ڈاکٹروں کے مطابق علی حسین کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم کنٹیکٹ کمیٹی کے ارکان نے بھی علی حسین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

مانچسٹر میں آباد کئی پاکستانیوں کا الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور آئیڈیالوجی سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں کا تعلق لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، جھنگ، گجرات، اٹک، آزادکشمیر کے شہر میرپور مظفرآباد، عمرکوٹ، نوابشاہ اور بلوچستان سے ہے

مانچسٹر۔۔۔5جون2008ء

برطانیہ کے شہر مانچسٹر میں آباد کئی پاکستانیوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور ایم کیوایم کی آئیڈیالوجی سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ اس بات کا اعلان انہوں نے ایک پریس کانفرنس میں کیا۔ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں کا تعلق پنجاب کے شہروں لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، جھنگ، گجرات، اٹک، صوبہ سندھ کے شہروں کراچی، عمرکوٹ، نوابشاہ اور آزادکشمیر کے شہر میرپور مظفرآباد اور بلوچستان سے ہے۔ اس موقع پر ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ، فیض احمد اور یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ ایم کیوایم میں شمولیت کا اختیار کرنے والے افراد کا کہنا تھا کہ انہوں نے مختلف سیاسی جماعتوں کو آزمایا لیکن تمام ہی سیاسی جماعتوں نے انہیں مایوس کیا اور عوام کے بجائے اپنے اور اپنے خاندانوں کے مفادات کیلئے کام کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقہ کے مفادات کا صرف نعرہ نہیں لگایا بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایوانوں میں بھیجا اور ہم سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جو ملک میں غریب عوام کا حقیقی انقلاب لاسکتی ہے اور ملک میں کوئی تبدیلی لاسکتی ہے۔ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں پنجاب کے محترمہ راحیلہ نقوی، سلمان لئیق، ایم خالد قاری، مرزا عالم بیگ، جبران، انور چوہدری، حاجی احمد، چوہدری ایم سلیم، افتخار احمد، آزادکشمیر کے چوہدری شبیر، ایم صادق، شعبان علی، صوبہ سندھ کے ڈاکٹر طارق زیدی، ایم پرویز، ماجد علی، باقر نقوی، ڈاکٹر ندیم اقبال، سید شاہد قدیر، اسماعیل چنہ، عطاالسلام، عبدالعزیز، سریش کمار، نسیم حقانی اور بلوچستان کے داؤد بلوچ شامل ہیں۔ ایم کیوایم کے تمام رہنماؤں نے ان کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

گلستان جوہر میں جھونپڑیوں میں آتشزدگی کے باعث دوکمسن بچوں کے جھلس کر جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔5،جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلستان جوہر بلاک 11 میں جھونپڑیوں میں لگنے والی آتشزدگی کے باعث دوکمسن بچوں کے جھلس کر جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے بچوں کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق بچوں کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

بجلی کی ترسیل کو گھر گھر، انڈسٹریل زونز، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں تک بلاتعطل یقینی بنایا جائے، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے اثرات ملک کی معیشت پر براہِ راست اثر انداز ہورہے ہیں

کراچی میں بجلی کے بحران کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے،عوام کے معمولات زندگی متاثر ہورہے ہیں

کراچی۔۔۔5، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے شہر میں جاری طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام کو لاحق مشکلات اور پریشانیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرکے بجلی کی ترسیل کو گھر گھر، انڈسٹریل زونز، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں تک بلاتعطل یقینی بنایا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے سبب شہریوں کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں اور بجلی کی مسلسل عدم فراہمی کے باعث شہریوں میں غم وغصہ پایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی، ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور یہاں پر بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ سے صنعتی زون، فیکٹریاں اور کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہورہی ہے جس کے اثرات براہِ راست ملک کی معیشت پر مرتب ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کیلئے فی الفور بجلی پیدا کرنے کے لئے نئے پلانٹ لگائے جائیں اور اس سلسلے میں حکومتی سطح پر ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ ہرگز مشتعل نہ ہوں اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھیں۔

☆☆☆☆☆